سوال

(113) نبی ﷺ کا متعین مفہوم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا اس کی وضاحت ضروری نہیں کہ سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا متعین مفہوم کیا ہے ؟ اور وہ کونسی کتاب ہے جس میں یہ سنت اس طرح محفوظ ہے کہ اسے سب سنت تسلیم کرتے ہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا متعین مفہوم وہی ہے۔ جس کی وضاحت سینکڑوں سال قبل محدثین کرام کرچکے ہیں۔ علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب ''ارشاد الفحول'' اٹھا کر دیکھئے بات کھل کر سامنے آجائے گی۔ مسلمانوں کا ایک ایک بچہ اس سے واقف ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قول وفعل وغیرہ پر حدیث یا سنت کا اطلاق ہے۔

سنت کے سلسلہ میں کتابوں کی درجہ بندی کے سات مراتب ہیں۔ جوامت مسلمہ کے ہاں مسلمہ ہیں۔ تقدیم صحیح بخاری اور مسلم کو حاصل ہے۔ ملاحظہ ہو۔ ''علوم الحدیث'' اور ''شرح نخبۃ الفکر'' وغیرہ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص294

محدث فتویٰ